اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن    اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مَدَنی مذاکرے کے منتخب سُوال جواب (مختصر وخلاصہ)

| 9 صفر المظفر 1445ھ | عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی | 26 اگست 2023ء |
| --- | --- | --- |

**سوال: ایک مسلمان کا بولنے کا انداز کیسا ہونا چاہئے؟**

**جواب:** ایک روایت میں ہے: مومن کی زبان کے آگے دِل ہوتا ہے، اگر وہ بولنے لگتی ہے تو دِل سے رُجوع کرتی ہے، دِل اِجازت دیتا ہو تو بولتی ہے ورنہ خاموش ہو جاتی ہے، جبکہ منافق کی زبان کے پیچھے دِل ہوتا ہے، جب زبان بولنا چاہتی ہے تو دِل سے رُجوع نہیں کرتی اور بول دیتی ہے، اِسی لیے کہا جاتا ہے: **"پہلے تولو بعد میں بولو۔" عام طور پر بندہ بول کر پچھتاتا ہے خاموش رہ کر نہیں۔**

**سوال:** کیا آپ (امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ) نے کبھی بہت ٹھنڈے پانی سے وُضو کیا ہے؟

**جواب:** ہم بغداد شریف سے مقدس مقامات کی زیارت کے لیے **"موصل"** گئے تھے، وہاں **حضرت یونس** علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا مزار مبارک بھی ہے۔ وہاں ہم نے ظہر کی نماز کے لیے بہت ٹھنڈے پانی سے وُضو کیا تھا۔

**سوال:** کیا مسجد میں گرمیوں میں ضَرورتاً AC اور سردیوں میں ہیٹر لگانا چاہیے؟

**جواب:** جی ہاں میرا ذہن تو یہی ہے تاکہ لوگوں کا مسجد میں دِل لگے، سردیوں میں مَساجد میں وُضو کے لیے گرم پانی کا بھی اِہتمام کرنا چاہیے، یہ سب کام کرنے سے پہلے دارُ الافتاء اہلِ سنّت سے شرعی رہنمائی ضرور لی جائے۔

**سوال:** کیا مَساجد بھی جنّت میں جائیں گی؟

**جواب:** جی ہاں، میں نے **ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت** میں اِسی طرح پڑھا ہے کہ **مساجد بھی جنّت میں جائیں گی۔**

**سوال:** کیا مَساجد میں جوتوں کی حفاظت اور صفائی ستھرائی کا اِہتمام، نیز بڑی عمر کے نمازیوں کے لیے کرسیاں ہونی چاہئیں؟

**جواب:** مَساجد میں **جوتوں کی حفاظت، اِستنجاء اور وُضو کرنے کی سہولیات کا اے ون اِنتظام ہونا چاہیے۔** صفائی ستھرائی کا خوب اِہتمام ہو اور بڑی عمر/بیمار نمازیوں کے لیے **کرسیوں کا بھی اِہتمام** ہونا چاہیے۔

**سوال:** بعض لوگ صرف انجینئر اور ڈاکٹر بننے اور اِس شناخت کے لیے بہت زیادہ کوشش اور محنت کرتے ہیں، مگر بطورِ مسلمان شناخت کے لیے کوشش نہیں کرتے، اِس بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

**جواب:** بطورِ مسلمان شناخت کے لیے کوشش کرنی چاہیے، **ایمان کی حفاظت کی بھی فکر کرنی چاہیے**، ایمان کامیابی کے لیے شرط ہے، اللہ پاک ہم سب کے ایمان کی حفاظت فرمائے۔ اِس کے لیے نیک اَعمال کے مُطابق زندگی گزاریئے اور مدنی قافلوں میں سفر کیجیے۔

**سوال:** بُرے خواب سے بچنے کا کوئی وَظیفہ بتا دیجئے۔

**جواب:** سونے سے پہلے 21 مَرتبہ یَامُتَکَبِّرُ پڑھ لینا چاہیے، اِن شاءَ اللہُ الکریم بُرے خوابوں سے بچت ہوگی۔

**سوال:** دعوتِ اسلامی کے 42 سال مکمل ہونے پر 2 ستمبر کو **"یومِ دعوتِ اسلامی"** کس طرح منایا جائے؟

**جواب:** میں مدنی قافلے والا ہوں، اِس موقع پر **1، 2، 3 ستمبر** (جمعہ، ہفتہ اور اتوار) تمام دعوتِ اسلامی کے مَرحومین کے اِیصالِ ثواب کی نیت سے مدنی قافلوں میں سفر کریں اور اسلامی بہنیں اپنے محارم کو مدنی قافلوں میں سفر کروائیں اور **2 ستمبر کو اپنے گھروں پر دعوتِ اسلامی کا پرچم بھی لگائیں۔**

**سوال:** اِیمان کی حفاظت کے لیے **"کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب"** کتاب پڑھنے کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

**جواب:** اِیمان کی حفاظت کے تعلق سے **"کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب"** کتاب لاجواب ہے، اِس کا مُطالعہ ہر ایک کو کرنا چاہیے۔

**سوال:** دَروازے پر کیا لکھ کر لگانا چاہیے؟

**جواب:** بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لکھ کر لگانا چاہیے۔ اِسی طرح گھر میں آیۃ الکرسی بھی لکھ کر لگانی چاہیے، اِن شاءَ اللہ اِس کی بَرکتیں ملیں گی۔

**سوال:** "**جادو کے بارے میں معلومات**" رسالہ پڑھنے والوں کو امیر اہلسنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ نے کیا دعا دی ہے؟

**جواب:** یاربَّ المصطفٰے! جو کوئی 17 صفحات کا رِسالہ **"جادو کے بارے میں معلومات"** پڑھ یا سُن لے، اُسے جادو اور شریر جنات کے اثرات اور نظرِ بد سے محفوظ فرما اور اُسے بے حساب بخش دے۔ اٰمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم

Pakistan Mushawrat Office (DawateIslami)